# حرفہائے منتشر

زیرنظر کتاب "نزهة النظر فی شرح نخبة الفکر "کی اردو شرح ہے، شرح نخبۃ الفکر کا اصول حدیث کی کتب میں جونمایاں مقام ہے وہ کسی سے مخفی نہیں ،مولانا عبدالحی صاحب رحمہ اللہ کی شرح ''سلعۃ القربۃ'' کو پیش نظر رکھ کراس کو ترتیب دیا گیا ہے لیکن ترمیم واضافات کے ساتھ جس کی تفصیل آگے آئیگی۔

دیگر شروحات کی موجودگی میں اس نئی شرح کے اضافے سے ہرگز یہ مقصد نہیں کہ میں بھی اپنا نام شارحین کی فہرست میں درج کرواؤں بلکہ اس سے قبل اردو میں شرح نخبہ کی ایسی کوئی شرح دستیاب نہ تھی جو طلباء کی تمام ضرورتوں کو پورا کرتی ،خصوصا اصطلاحات حدیث کے سمجھنے کی ضرورت کو، چنانچہ اس وقت کتب خانوں میں اس کی تین شروح دستیاب ہیں، ایک تو وہ جس میں صرف ''نخبۃ الفکر'' (متن) کو پیش نظر رکھا گیا ہے اور'' نزہتہ النظر'' کو بالکل نظرانداز کردیا گیا ہے، چنانچہ طالب علم سے نزہۃ کی اہم مباحث رہ جاتی ہیں، دوسری شرح وہ جس میں اصطلاحات حدیث پر زور دینے کے بجائے حل عبارات وتراکیب ومحذوفات پرزور دیا گیا ہے اور شرح کے صرف ترجمے پر اکتفا کیا گیا ہے،غرض یہاں بھی ہمیشہ کی طرح کتاب کوصرف ونحو کے لئے تختۂ مشق بنادیا گیا، تیسری شرح'' سلعۃ القربۃ'' ہے جس میں کتاب کے ترجمے اور حل عبارت کے بجائے اصول حدیث کی اصطلاحات کے

marfat.com

سمجھانے پر زور دیا گیا ہے، اور جدید اسلوب میں ایک شرح کے تقاضوں کو بخوبی پورا کیا، نیز نزہتہ ونخبتہ دونوں کو مکمل طور پر شارح نے سامنے رکھا ہے، لیکن اس شرح میں اصل کتاب کے متن کی عدم موجودگی اور عنوانات کی قلت اور اختصار کے باعث اصطلاحات کے سمجھنے میں کافی دشواری کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔

میں نے اسی آخر الذکر شرح کو مدنظر رکھ کر اس شرح کو ترتیب دیا اور اس میں شرح نخبہ کے متن کو بھی شامل کر دیا ہے اور عنوانات کا بھی جا بجا اضافہ کر دیا ہے، اور اصطلاحات حدیث جہاں بہت مختصر تھیں ان کی بھی وضاحت کر دی ہے، حل عبارات اور کتاب کے متن کو سمجھنے کے لئے انتہائی عرق ریزی سے علامات ترقیم کو بھی نمایاں کر دیا ہے، یہ کہنا تو شاید ناانصافی یا مبالغہ ہوگا کہ یہ شرح موجودہ شروحات میں سب سے فائق ہے لیکن یہ ضرور ہے کہ اس کے مطالعے کے بعد احساس تشنگی باقی نہ رہیگی۔

نیز علامہ ابن حجر عسقلانی نے جہاں جہاں متقدمین کی کتب کی طرف اشارے کئے ہیں ان کتب کے مکمل نام بھی تحریر کر دیئے گئے ہیں تاکہ شائقین کتب حضرات اگر اصل ماخذ کی طرف رجوع کرنا چاہیں تو ان کے لئے آسانی ہو۔

دعا ہے کہ اللہ رب العزت اس کو طلباء کے لئے نافع بندہ کے لئے توشۂ آخرت اور میرے والدین اور اساتذہ کے لئے ذریعۂ نجات بنائے، آمین۔

محمد عمر انور
A-120 بلاک 19
گلشن اقبال کراچی

marfat.com

# فہرست مضامین


- حرفہائے منتشر ..................... ۳
- فہرست ..................... ۵
- تقریظ حضرت مولانا محمد انور بدخشانی ..................... ۱۴
- تقریظ حضرت ڈاکٹر مفتی نظام الدین شامزئی ..................... ۱۷
- تقریظ شیخ الحدیث حضرت مولانا مفتی محمد زر ولی خان ..................... ۱۹
- حافظ ابن حجرؒ کے مختصر حالات ..................... ۲۱
- دیباچہ ..................... ۲۳
- صحابہ کرام اور حفاظت حدیث ..................... ۲۳
- کتابت حدیث کی ممانعت اور اسکی وجہ ..................... ۲۴
- صحابہ کے بعد تدوین حدیث ..................... ۲۴
- تدوین اصول حدیث کی وجہ ..................... ۲۶
- انکار حدیث کی دوراز کار وجوہات ..................... ۲۶
- شرح نخبۃ الفکر ..................... ۲۷
- مؤلفین اصول حدیث اور ان کی تصانیف ..................... ۳۰
- سبب تصنیف کتاب ..................... ۳۳
- علم اصول حدیث کی تعریف موضوع غرض وغایت ..................... ۳۳
- حدیث اور خبر کے درمیان فرق ..................... ۳۴
- خبر کی اقسام ..................... ۳۴


marfat.com

- وجہ حصر ........................ ۵۶
- صحیح لذاتہ ........................ ۵۷
- عدل ........................ ۵۷
- تقوی ........................ ۵۷
- ضبط کی اقسام اور ان کی تعریفات ........................ ۵۷
- حدیث متصل ........................ ۵۸
- معلل ........................ ۵۸
- شاذ ........................ ۵۸
- تفاوت مراتب صحیح ........................ ۵۸
- مراتب اصح اسانید اور اسکی امثال ........................ ۵۹
- تفاوت مراتب احادیث صحیحین ........................ ۶۱
- حدیث بخاری وحدیث مسلم میں موازنہ ........................ ۶۱
- بخاری کی مسلم پر وجوہ ترجیح ........................ ۶۳
- ترجیح باعتبار اتصال سند ولقاء ........................ ۶۳
- ترجیح باعتبار عدالت وضبط ........................ ۶۴
- ترجیح باعتبار عدم علت وشذوذ ........................ ۶۴
- مراتب کتب حدیث ........................ ۶۵
- حدیث حسن لذاتہ ........................ ۶۷
- حدیث صحیح لغیرہ ........................ ۶۷
- امام ترمذی کے قول ھذا حدیث حسن صحیح پر اعتراض اور جواب ........................ ۶۸
- امام ترمذی کے قول "ھذا حدیث حسن غریب" کی وضاحت ........................ ۷۰
- زیادت ثقہ ........................ ۷۱
- شاذ ومحفوظ ........................ ۷۴


marfat.com

۞ مدلس ...... ۹۳
۞ مدلس کا حکم ...... ۹۳
۞ مدلس اور مرسل خفی میں فرق ...... ۹۴
۞ بیان خبر مردود بلحاظ طعن راوی ...... ۹۶
۞ موضوع ...... ۹۷
۞ موضوع کی معرفت کے قرائن اور علامات ...... ۹۹
۞ وضع کے طریقے واسباب ...... ۱۰۰
۞ وضع کا حکم ...... ۱۰۰
۞ متروک (اتہام کذب) ...... ۱۰۱
۞ منکر ...... ۱۰۱
۞ معلل ...... ۱۰۲
۞ حدیث معلل کی پہچان ...... ۱۰۳
۞ مدرج الاسناد ...... ۱۰۴
۞ مدرج المتن ...... ۱۰۶
۞ مدرج کی معرفت ...... ۱۰۶
۞ مقلوب ...... ۱۰۷
۞ المزید فی متصل الاسانید ...... ۱۰۸
۞ مضطرب ...... ۱۰۸
۞ مصحف ...... ۱۱۰
۞ محرف ...... ۱۱۱
۞ اختصار الحدیث ...... ۱۱۱
۞ روایت بالمعنی کے بارے میں علماء کا اختلاف ...... ۱۱۳
۞ غریب الحدیث ...... ۱۱۴


marfat.com

- مشکل الحدیث ........................ ۱۱۵
- مجہول راوی ........................ ۱۱۶
- مبہم راوی ........................ ۱۱۷
- راوی قلیل الحدیث ........................ ۱۱۸
- مبتدع راوی ........................ ۱۲۰
- مستلزم کفر بدعت ........................ ۱۲۱
- مستلزم فسق بدعت ........................ ۱۲۱
- بد حافظہ راوی ........................ ۱۲۳
- شاذ (لازم) ........................ ۱۲۳
- مختلط (طاری) ........................ ۱۲۳
- حسن لغیرہ ........................ ۱۲۴
- تقسیم خبر بحثیت اسناد ........................ ۱۲۵
- حدیث مرفوع ........................ ۱۲۵
- مرفوع قولی تصریحی ........................ ۱۲۵
- مرفوع فعلی تصریحی ........................ ۱۲۶
- مرفوع تقریری تصریحی ........................ ۱۲۶
- مرفوع قولی حکمی ........................ ۱۲۷
- مرفوع فعلی حکمی ........................ ۱۲۸
- مرفوع تقریری حکمی ........................ ۱۲۸
- الفاظ کنائی ........................ ۱۲۹
- "من السنة كذا" ........................ ۱۳۰
- ایک اشکال اور اسکا جواب ........................ ۱۳۱
- "امرنا بكذا" ........................ ۱۳۲


marfat.com

طبقات رواۃ ..................... ۱۷۳
رواۃ کی پیدائش ووفات ..................... ۱۷۵
رواۃ کے شہراور وطن کی پہچان ..................... ۱۷۵
احوال راوی ..................... ۱۷۵
مراتب جرح وتعدیل ..................... ۱۷۵
مراتب جرح ..................... ۱۷۶
مراتب تعدیل ..................... ۱۷۷
جرح وتعدیل کے احکام ..................... ۱۷۸
تزکیہ ..................... ۱۷۸
تزکیہ وشہادت میں فرق ..................... ۱۷۹
تعدیل وجرح ..................... ۱۸۰
جرح تعدیل پرمقدم ہے ..................... ۱۸۱
فصل اسماءاور کنیت کی پہچان میں ..................... ۱۸۲
اسماءمجردہ ..................... ۱۸۸
اسماءمفردہ ..................... ۱۸۹
راویوں کی کنیت اور القاب کی پہچان ..................... ۱۹۱
راویوں کی نسبتیں (انساب) ..................... ۱۹۱
آداب الشیخ والراوی ..................... ۱۹۳
حدیث اخذ کرنے اورروایت کرنے کی عمر ..................... ۱۹۴
کتابت میں اعراب وحرکات ضبط میں لانا ..................... ۱۹۵
تصنیف احادیث کے طریقے ..................... ۱۹۶
اسباب ورود حدیث ..................... ۱۹۸


marfat.com

# حضرت مولانا محمد انور بدخشانی صاحب

استاذ الحدیث جامعہ علوم اسلامیہ بنوری ٹاؤن کراچی

الحمد لله رب العالمین ، والصلوة والسلام علی امام المرسلین وخاتم النبیین ، وعلی آله وصحبه والمتمسکین بکتاب الله وسنة رسوله الی یوم الدین .

امابعد!

دین اسلام کے دو اساس ہیں جن کے بارے میں آپ ﷺ نے فرمایا کہ "ترکت فیکم أمرین " ایک اللہ تعالی کی کتاب ہے دوسرے آپ کی سنت (احادیث)، پہلی چیز کی حفاظت کا ذمہ خود اللہ تعالی نے لیا ہے ﴿انا نحن نزلنا الذکر وانا له لحافظون﴾ اور دوسری کی حفاظت کے لئے آپ ﷺ نے تاکید فرمائی کہ "فلیبلغ الشاهد منکم الغائب" اسی طرح "ربّ مبلّغ أوعیٰ من سامع" وغیرہ اس پر واضح دلیل ہیں۔

آنحضرت ﷺ کی احادیث کی حفاظت کے دو طریقے ہیں: ایک روایۃً جس کے لئے کتب حدیث صحاح، مسانید، سنن معاجم، اجزاء، مصنفات، مستخرجات اور مستدرکات معرض وجود میں آئیں، دوسرے درایۃً اور مصطلح الحدیث کی تمام کتابیں اسی قسم ثانی کے تعارف وتشریح وتمثیل کے لئے لکھی گئی ہیں۔

مصطلح الحدیث میں مبسوط اور مختصر مطنب اور موجز بے شمار کتابیں ہیں جس کی ابتداء قاضی رامہرمزیؒ نے "المحدث الفاصل بین الراوی والواعی" کے ذریعہ کی ہے بقول

marfat.com

علامہ ابن حجرؒ موصوف اپنی اس کاوش میں تمام مباحث ضروریہ کا احاطہ نہ کرسکے، پھر حاکم نیشاپوریؒ اورابو نعیم اصبہانیؒ نے بھی اپنی سی کوششیں کیں، پھران کے بعد خطیب بغدادیؒ نے "الکفایة فی علم الروایة" اور "الجامع لآداب الشیخ والسامع" لکھی، خطیبؒ کے بعد اور حضرات نے بھی اس فن (مصطلح الحدیث) میں کتابیں لکھنا شروع کیں اور متقدمین کے مطولات کو مختصر کرنے کا کام شروع کیا، چنانچہ قاضی عیاضؒ نے اپنی کتاب کا نام "الالماع الی معرفة اصول الروایة وتقیید السماع" رکھا، ابوحفص میانجیؒ نے اپنی مختصر کو "ما لا یسع المحدث جهله" کے نام سے موسوم کیا۔

یہاں تک کہ حافظ ابوعمرو عثمان بن الصلاحؒ کی نوبت آئی اور انہوں نے خطیب بغدادیؒ کے متفرقات کو جمع کر کے "معرفة علوم الحدیث" کے نام سے ایک نئی کتاب مرتب کی، اس کے بعد علماء مستقل تصنیف کو چھوڑ کر ابن الصلاح کی کتاب کے درپے ہوگئے چنانچہ امام نوویؒ نے علوم الحدیث ابن صلاح کو مختصر کر کے "الارشـــــاد" نام رکھا، پھر اسی کا خلاصہ "التقریب" کے نام سے کیا، اس کے بعد امام سیوطیؒ نے "التقریب" کی مفصل شرح کی اور اس کا نام "تدریب الراوی فی شرح تقریب النووی" رکھا۔

چنانچہ علامہ ابن حجرؒ نے بھی علامہ ابن صلاح کی "علـوم الـحـديـث" کو انتہائی مختصر کر کے "نخبة الفکر فی مصطلح اهل الاثر" نام رکھا، اور پھر نہایت ایجاز واختصار سے پشیمان ہو کر خود ہی اس کی شرح کر ڈالی اور شرح کو "نزهة النظر فی توضیح نخبة الفکر" کے نام سے موسوم کیا، پھر شرح نخبہ کی بھی اسی طرح پذیرائی کی گئی جس طرح کے علامہ ابن صلاح کی "عـلـوم الـحـديـث" کی گئی تھی کسی نے اس کو نظم کی شکل میں پیش کیا کسی نے اس کو شرح کر کے مفصل کر دیا اور کسی نے اس کو اور بھی مختصر کر دیا۔

اس وقت ہمارے درس نظامی کے نصاب میں اصول حدیث کی دو کتابیں رائج ہیں شرح نخبۃ الفکر اور تدریب الراوی، لیکن بدقسمتی سے علمی ضعف اور کمزوری کے سبب عربی کتب وشروح سے سب ہی گریزاں ہیں، اسی ابر آلود فضا کو دیکھ کر فاضل مرتب نے "سلعة القربة"

marfat.com

# حضرت ڈاکٹر مفتی نظام الدین شامزئی صاحب

## شیخ الحدیث جامعہ علوم اسلامیہ بنوری ٹاؤن کراچی

**الحمد للہ وحدہ ، والصلوۃ والسلام علی من لا نبی بعدہ ، وعلی الہ وصحبہ اجمعین.**

امابعد!

اصول حدیث ،علم حدیث کے لئے تمہید کی حیثیت رکھتا ہے، تمہید سے شناسائی کے بغیر مقصود سے آشنائی مشکل ترین کام ہوتا ہے، درس نظامی میں یوں تو اصول حدیث عملا بایں طور زیر تدریس ہے کہ اصول فقہ کی کتابوں میں ''سنت'' کی بحث پڑھی اور پڑھائی جاتی ہے، مگر اصول حدیث کو مستقل فن کی حیثیت سے صرف موقوف علیہ (درجہ سابعہ) میں پڑھایا جاتا ہے، اور وہ بھی صرف ایک ہی کتاب یعنی حافظ ابن رحمہ اللہ کی ''شرح نخبۃ الفکر'' کی صورت میں، بایں معنی ہمارے مروجہ نصاب میں اصول حدیث کی اس واحد کتاب کو وہ اہمیت و یگانہ حیثیت حاصل ہونی چاہئے جو کسی اور کتاب سے بہرحال زیادہ ہو، کیونکہ ''شرح نخبۃ الفکر'' کی حیثیت محض ایک کتاب کی نہیں بلکہ مستقل فن کی حیثیت سے محنت ولگن اور ضرورت واہمیت کی محتاج ہے۔

الحمدللہ ہمارے مشائخ نے اس سلسلہ میں لائق قدر خدمات انجام دی ہیں سلعۃ القربہ اردو شرح ''شرح نخبۃ الفکر'' مؤلف مولانا عبدالحئی رحمہ اللہ بھی اسی سلسلہ کی حسین کڑی ہے جس کی افادیت کا دائرہ اساتذۂ کرام وطلباء عظام تک وسیع ہے اور یہ نہایت وقیع اور قابل قدر شرح ہے لیکن سلعۃ القربۃ فنی عمدگی اور باطنی حسن کے باوجود افادیت تامہ کے لئے دلکش کتابت

marfat.com

وطباعت، متن وشرح کے امتزاج، ترتیب وتنسیق کی شائستگی اور اسلوب بیان وتعبیر کی تسہیل وتفصیل اور مفید عنوانات کے اضافے کی ضرورت مند تھی۔

ہمارے جامعہ کے استاذ حدیث حضرت مولانا محمد انور بدخشانی صاحب زیدت مکارمہم کے ہونہار فرزند ارجمند مولوی محمد عمر انور صاحب -بارك الله فى علمه ومساعيه- نے خوب محنت ولگن سے اس ضرورت کا ادراک فرماتے ہوئے اپنے والد ماجد کے تالیفی ذوق اور تصنیفی خدمات کی پیروی کا عزم وعمل شروع فرمایا ہے، اللہ سے دعا ہے کہ اللہ تعالی مولوی صاحب موصوف کو ان کے والد ماجد کے علوم، علمی ذوق اور دینی خدمات کا خلف الرشید بنائے، آمین۔

وما ذلك على الله بعزيز ، وصلى الله تعالى عليه وعلى آله وسلم تسليما كثيرا.

فقط

نظام الدین

marfat.com

# حضرت مولانا مفتی محمد زرولی خان صاحب

شیخ التفسیر والحدیث جامعہ احسن العلوم گلشن اقبال کراچی

الحمد لله رب العالمين وصلى الله على رسوله الكريم ونبيه الامين وعلى اله واصحابه اجمعين.

امابعد!

عزیزم حافظ محمد عمر سلمہ - جو استاد گرامی قدر حضرت مولانا محمد انور صاحب بدخشانی دامت برکاتہم کے لائق وفائق فرزند ارجمند ہیں - کی شرح نخبۃ مطالعہ کرنے کا اتفاق ہوا، ماشاء اللہ اوائل عمر اور اواخر مراحل تعلم وتعلیم مبارک اور باعث سعادت ہیں، اس عمر میں عام طور پر طلباء ایسی دقیق اور پرمغز مصطلحات سے پہلوتہی برتتے ہیں مگر عزیزم چونکہ "الولد سر لابیه" اور خیر الخلف لعمدۃ السلف کا حسین مصداق ہیں اس لئے علم کی جولانیوں، علم حدیث کے حفاظ کے شناوروں کی طرح ابھی سے عازم سفر ہیں شیخ سعدی علیہ الرحمۃ نے خوب کہا ہے:

بالائے سرش ز ہوش مندی

می تافت ستارۂ بلندی

اللہ تعالی یہ گراں قدر تصنیف عزیزم کے سفر علم کے راستے میں خیر الاقدام بنائے۔

ولنعم ما قال الشاعر العربی :

فی المهد يعرب عن سعادة جده

اثر النجابت ساطع البرهان

مجھے نہ تو کتاب کی کسی مقام کی اصلاح کا حق ہے چونکہ ان کے والد حضرت الاستاذ خود

marfat.com

# حافظ ابن حجر عسقلانی رحمہ اللہ
# مصنف ''شرح نخبۃ الفکر'' کے مختصر حالات

حافظ ابن حجرؒ کا لقب شہاب الدین، کنیت ابوالفضل اور نام احمد بن محمد بن علی بن محمود بن حجر الکنانی ثم المصری الشافعی تھا، چونکہ ان کے آباء واجداد کے سلسلہ میں ایک شخص کا نام حجر تھا، اس لئے غالبا حافظ کو ابن حجر کہا گیا۔

حافظ ابن حجرؒ ۲۳ شعبان ۷۷۳ھ میں پیدا ہوئے، جب علم کا شوق دامن گیر ہوا تو مصر، اسکندریہ، شام، قبرص، حلب، حجاز ویمن وغیرہ دور دراز ملکوں کا سفر کیا، اور حافظ زین الدین عبد الرحیم بن حسین عراقی کے حلقہ درس میں حاضر ہوئے اور وہاں فن حدیث میں اتنا بڑا تبحر حاصل کیا کہ حافظ حدیث کے لقب سے ممتاز کئے گئے، چونکہ ان کے بعد اس پایہ کا دوسرا کوئی شخص موجود نہ ہوا اس لئے کہا جاسکتا ہے کہ علم حدیث کی ریاست ان پر منتہی ہوگئی، ان کی تحریر چونکہ تحقیق تنقیح وجدت کا پہلو لئے ہوئے ہوتی تھی، اس لئے ان کی تصانیف نے ان کی زندگی ہی میں شرف قبولیت حاصل کر لیا تھا، یوں تو ان کی تصانیف ڈیڑھ سو سے بھی زائد تھیں مگر فتح الباری شرح بخاری اور شرح نخبۃ الفکر نے جو شہرت حاصل کی وہ کسی کو حاصل نہ ہوئی، اول الذکر کتاب جب اختتام کو پہنچی تو حافظ ابن حجرؒ نے شکریہ کے لئے ایک بہت بڑا جلسہ منعقد کیا اور نہایت فراخدلی وعالی ہمتی سے پانچ سو دینار مستحقین میں تقسیم کئے، مؤخر الذکر کتاب کی مقبولیت پر بہت بڑی شہادت یہ ہے کہ عموما درس میں داخل کی گئی اور بڑے بڑے مستند علماء نے اس کی شروح وحواشی لکھے۔

حافظ ابن حجرؒ کی وفات ۲۸ ذی الحجہ ۸۵۲ھ قاہرہ مصر میں ہوئی، جب انکا جنازہ اٹھایا

marfat.com

گیا تو سب سے پہلے بادشاہ مصر نے کندھا دیا، پھراورامراءورؤسانے اپنے کندھوں پراٹھا کے مدفن تک پہنچادیااورعلم حدیث کا ایک بیش بہاخزانہ نہایت حسرت وافسوس کے ساتھ زیرزمین دفن کردیا گیا

علامہ سیوطیؒ کی کتاب "حسن المحاضرہ" میں شہاب منصوری شاعر سے منقول ہے کہ مرحوم حافظ ابن حجر رحمہ اللہ کے جنازے میں مجھے بھی شرکت کا فخر حاصل ہوا تھا، جب جنازہ مصلے کے قریب لایا گیا تو حالانکہ بارش کا موسم نہ تھا تاہم بارش کا ترشح شروع ہوگیا جس پرمیں نے یہ رباعی لکھی :

قد بكت السحب على

قاضي القضاة بالمطر

وانهدم الركن الذى

كان مشيدا من حجر

marfat.com

# دیباچہ

**الحمد لله الذی جعل اللسان ترجمان الجنان ، والجنان مظهر العرفان ، والصلوة والسلام علی سید بنی عدنان ، محمد الداعی الی نعیم الجنان ، بقران کریم وسنة راشدة وحجة وبرهان ، وعلی اله وصحبه الذین ذبوا بالقواضب والسنان ، عن الدین القویم العدوان ، واخلصوا دینهم لله العزیز الرحمن .**

امابعد! اس میں کچھ شبہ نہیں کہ اصول شریعت کے سلسلہ میں قرآن مجید کے بعد احادیث کا رتبہ سمجھا جاتا ہے جس سرچشمۂ ہدایت کی زبان فیض سے قرآن مجید کا ظہور ہوا تھا، اسی سے احادیث کا ظہور بھی ہوا ہے، فرق صرف اتنا ہی ہے کہ قرآن مجید کا ظہور بطور وحی جلی ہوا اور احادیث کا ظہور بطور وحی خفی ہوا۔

قرآن مجید نے ان دونوں گراں بہا اصول کو آیت: ﴿ وانزل الله علیک الکتاب والحکمة ﴾ میں کتاب اور حکمت سے تعبیر کیا ہے، اور جس طرح آیت ﴿واعتصموا بحبل الله جمیعا﴾ میں اتباع قرآن کریم کا حکم دیا گیا ہے اسی طرح آیت :﴿وما اتاکم الرسول فخذوه ﴾ اور آیت : ﴿فلیحذر الذین یخالفون عن امره﴾ میں اتباع حدیث کا امر کیا گیا ہے۔

## صحابۂ کرام اور حفاظت حدیث

اسی لئے صحابۂ کرام ہمیشہ احادیث پر کار بند اور اس کی پیروی کے لئے نہایت سختی سے ہدایت کرتے رہے، جس طرح قرآن پاک کے تحفظ کا زیادہ تر مدار آنحضرت ﷺ کے عہد میں صحابۂ کرام رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین کی یادداشت پر تھا، اسی طرح احادیث کے انضباط کا

marfat.com

مدار بھی انھیں کی یادداشت پر رہا، جس طرح حضرت صدیق اکبر کو یکے بعد دیگرے حفاظ قرآن کریم کے فوت ہونے پر چونکہ قرآن کریم کے ضائع ہوجانے کا خوف پیدا ہوگیا، اس لئے قرآن مجید کو انہوں نے اپنے عہد خلافت میں جمع کرلیا تھا، اسی طرح اوائل عہد تابعین میں خلیفہ عمر بن عبدالعزیز اموی کو چونکہ احادیث کے فوت ہونے کا خیال پیدا ہوگیا، اس لئے انہوں نے اپنے ایام خلافت میں جو اکابر محدثین تھے انہیں احادیث کی تدوین کیلئے حکم فرمایا۔

## کتابت حدیث کی ممانعت اور اسکی وجہ

گو آنحضرت ﷺ کے عہد مبارک میں حضرت صدیق اکبرؓ، حضرت علیؓ، حضرت عبداللہ بن عمرؓ وغیرہ رضوان اللہ علیہم اجمعین چند صحابۂ کرامؓ کے پاس چند حدیثیں لکھی ہوئی تھیں، تاہم چونکہ قرآن کے ساتھ احادیث کے اختلاط کا خوف تھا، اس لئے عام طور پر احادیث کی تحریر کی اجازت نہیں دی گئی تھی، لیکن جب قرآن مجید جمع ہوچکا اور اختلاط کا خوف کلیۃً رفع ہوگیا تو تحریر احادیث کا سلسلہ شروع ہوگیا۔

چنانچہ حضرت عمر فاروقؓ احادیث کو بالفاظہا جمع کر کے عمال کے پاس اطراف و جوانب میں بھیجتے رہے، لیکن چونکہ یہ کتابت حسب ضرورت داعیہ وقتاً فوقتاً ہوتی رہی اس لئے اس میں تدوین کی شان نہیں پائی جاتی تھی، کیونکہ صحابۂ کرامؓ کو قرآن مجید کی طرح احادیث مبارکہ بھی خوب یاد تھیں، اس لئے وہ اگر چاہتے تو حسب منشاء اس کی بھی تدوین کرسکتے تھے، مگر کارزار اور فتوحات اسلامی واشاعت اسلام کا خیال ان کو اس قدر دامن گیر تھا (اور اس میں اس قدر مصروف رہے) کہ احادیث کی تدوین کی جانب کامل توجہ نہ کرسکے۔

## صحابہ کے بعد تدوین حدیث

جب صحابۂ کرامؓ کا دور ختم ہوچکا اور حفاظ حدیث افق دنیا سے غروب ہونے لگے تو سب سے پہلے وہ شخص جن کو حدیث کے ساتھ ہمدردی کا خیال پیدا ہوا اور ہمدردی نے ان کے عاقبت اندیش دل پر تدوین احادیث کا احساس پیدا کردیا، وہ خلیفہ عمر بن عبدالعزیز اموی رحمہ

marfat.com

اللہ تھے، سب سے اول انہوں نے ابوبکر بن محمد بن حزمؒ کو لکھا کہ احادیث کی تدوین کا سلسلہ شروع کر دیا جائے، اس فرمان کا جاری ہونا تھا کہ اسلامی دنیا میں تدوین احادیث کا سلسلہ ایک وسیع پیمانہ پر جاری ہو گیا، سب سے مقدم ربیع بن صبیح، سعید بن عروبہ اور ابن شہاب زہریؒ نے احادیث کے متعلق ہر ایک باب میں ایک ایک مستقل رسالہ لکھنا شروع کر دیا، پھر کسی نے بطور مسانید، کسی نے بطور ابواب فقہ وغیرہ مختلف طریقوں سے ضخیم کتابیں لکھیں، یہاں تک کہ فن حدیث میں ایک معتد بہ ذخیرہ جمع ہو گیا، لیکن ان احادیث کو چونکہ محدثین نے آنحضرت ﷺ سے بلا توسط نہیں بلکہ اسناد اور راویوں کے ذریعہ سے روایت کیا تھا، اسلئے بجز احادیث متواترہ کے احادیث آحاد کا ثبوت قرآن کی طرح قطعی نہیں بلکہ ظنی رہا، تاہم بمفاد قولہ تعالیٰ:

﴿فلولا نفر من كل فرقة منهم طائفة ليتفقهوا في الدين ولينذروا قومهم اذا رجعوا اليهم﴾

ان کے واجب العمل ہونے میں شک نہیں کیا جا سکتا۔

علاوہ اس کے احادیث آحاد وہی ظنی ہیں جن کے یقینی ہونے پر کوئی قرینہ دلالت نہ کرتا ہو، باقی جن کے یقینی ہونے پر کوئی قرینہ دلالت کرتا ہے وہ ظنی نہیں بلکہ یقینی ہیں چنانچہ ''شرح نخبہ'' میں تفصیل کے ساتھ اس سے بحث کی گئی اور استقراء (اور تحقیق وتتبع) سے معلوم ہوتا ہے کہ اس قسم کی حدیثیں کتب احادیث میں بکثرت موجود ہیں، صحیح احادیث کی صحت پر اس سے بڑھ کر اور کیا شہادت ہوگی کہ سنہ ۷ ہجری میں جو نامہ نامی آنحضرت ﷺ نے مقوقس شاہ مصر کی جانب حاطبؓ بن ابی بلتعہ کے ہاتھ ارسال فرمایا تھا وہ نامہ بعینہ مصر کے ایک قبطی راہب کے پاس محفوظ تھا، اس نامہ کو ایک فرانسیسی نے ۱۲۷۵ھ میں اس سے خرید کر (ترکی کے) سلطان عبد المجید کی خدمت میں پیش کیا تھا، جو ابھی تک موجود ہے اور فوٹو کے ذریعے سے اس کی نقلیں ہو کر دنیا میں شائع ہوئی ہیں، اس نامہ کے متن کا جب اس نامہ کے متن سے جو کتب احادیث میں منقول ہے مقابلہ کیا جاتا ہے تو بجز ایک لفظ کے تفاوت کے دونوں میں بالکل یکسانیت واتحاد ہے۔

marfat.com

رہیں احادیث متواترہ گوان کی نسبت بعض کا قول ہے کہ ان کی تعداد نہایت قلیل ہے، مگر حافظ ابن حجر رحمہ اللہ نے شرح نخبہ میں ایک مضبوط دلیل سے ثابت کر دیا ہے کہ ان کی تعداد بھی کتب احادیث میں کثیر ہے۔

## تدوین اصول حدیث کی وجہ

پھر مقبول حدیث کو ان کے مقابل احادیث سے امتیاز کرنا چونکہ ایک مشکل امر تھا، اس لئے اس کے واسطے ایک صحیح میزان کی ضرورت محسوس ہوئی، چنانچہ ائمہ حدیث نے علم اصول حدیث کی جانب اسی غرض کے واسطے توجہ مبذول فرمائی، اصول حدیث کی تدوین اس قدر وسیع پیمانہ پر واقع ہوئی ہے کہ بقول علامہ سخاویؒ سو سے زائد اقسام پر اس کی تقسیم کی گئی اور اکثر اقسام کے متعلق ضخیم کتب لکھی گئی ہیں، یوں تو صحاح ستہ یا ان کے منتخبات کو سطحی نظر سے پڑھ کر یا ان کے تراجم کا سرسری نظر سے مطالعہ کر کے بہت سے لوگ محدث بننے کا دعوی کرتے ہیں مگر میرے خیال میں جب تک کوئی شخص ان فنون پر حاوی نہ ہو اس وقت تک وہ محدث کہلانے کا مستحق نہیں ہو سکتا، جو شخص ان فنون پر حاوی ہو اور بذریعہ مہارت تامہ مقبول حدیث کو غیر مقبول سے ممتاز کر کے کسی حدیث پر مقبولیت کا حکم لگائے وہ حدیث بلاشبہ واجب العمل ہے اگر کوئی شخص کسی فاسد غرض سے اسے رد کرنا چاہے تو وہ فاسد نہ ہو سکے گی۔

## انکار حدیث کی دوراز کار وجوہات

یوں تو آزادیٔ فکر اور خود رائی کے سبب اہل قرآن کی طرح اگر کوئی تمام احادیث کو بالکل بے کار سمجھے یا اہل ہوا کی طرح مقبول حدیث کو بھی خود غرضی کی وجہ سے رد کر دے تو ان کے دل وزبان کا کوئی مالک نہیں ہے مگر اس میں شک نہیں کہ اس سے چونکہ شریعت کی عظیم الشان عمارت کا ایک مضبوط ستون گرایا جاتا ہے، اس لئے شریعت و پابندان شریعت انھیں نفرت کی نگاہ سے دیکھے بغیر نہیں رہ سکتے، ان احادیث کی بے اعتباری کی وجہ اگر یہ بیان کی جائے کہ آنحضرت ﷺ کے عہد میں یہ جمع نہیں کی گئیں تو پھر قرآن مجید آپ ﷺ کے عہد میں

marfat.com

کہاں جمع کیا گیا تھا؟ اور اگر یہ وجہ بیان کی جائے کہ ان کی نقل قرآن کی طرح بطور تواتر نہیں ہوئی تھی تو پھر میں کہتا ہوں کہ یہ کتب تواریخ جو آج مایۂ فخر سمجھی جاتی ہیں ان پر کیوں اعتبار کیا جاتا ہے؟ اور ان کی نقل و تراجم میں اس قدر کیوں جانکاہی کی جاتی ہے؟ کیا تواریخی دفاتر کا مدار صرف نقل پر نہیں؟ کیا کسی تاریخی واقعے کا ثبوت بطور تواتر کسی نے دیا ہے؟ میرے خیال میں جو لوگ کتب صحاح یا حسان کو ثبوت میں کتب تواریخ کے برابر سمجھتے ہیں وہ سخت غلطی پر ہیں، کیا کوئی شخص اس بات کا ثبوت دے سکتا ہے کہ کسی مؤرخ نے عام ازیں کہ یورپین ہو یا ایشیائی تاریخی وقائع کے لئے اسانید وسلاسل رواۃ بہم پہنچائے ہوں؟ اور بتقدیر تسلیم راویوں کی تنقید کے لئے کوئی اصول تدوین کئے ہوں؟ اور ان کے ذریعے صحیح کو غیر صحیح واقعات سے ممتاز کیا ہو؟ خیر! تاریخی دفاتر کو جانے دیجئے مخالفین اسلام جن کتابوں کو آسمانی خیال کرتے ہیں ان کا ثبوت بھی تو بالنقل ہی ہے ان کی اسنادیں کس نے بیان کیں؟ اور تنقید کر کے صحیح کو غیر صحیح سے کس نے ممتاز کیا؟ یوں تو بحث ومباحثہ کرنے کی یہاں بہت گنجائش ہے بلکہ ایک محال چیز کو ثابت کرنے کے لئے بھی خاصی لمبی چوڑی بحث کی جاسکتی ہے، مگر اس قسم کی گفتگو سے ہمارے مخاطبین کی حق پرستی، اعتدال پسندی وہمہ دانی پر بدنما داغ عائد ہوئے بغیر نہیں رہے گا، غرض احادیث کے متعلق یہ تمام خام خیالیاں وغلط فہمیاں صرف اصول حدیث سے ناواقفیت پر محمول ہیں، اگر اس پر کامل اطلاع ہوتی تو کبھی یہ جسارت نہ کی جاتی۔

## شرح نخبۃ الفکر

یوں تو اصول حدیث میں بہت سی کتابیں لکھی گئی ہیں مگر حافظ ابن حجر عسقلانی رحمہ اللہ کی شرح نخبہ اس فن میں ایک جامع کتاب مانی جاتی ہے، اس لئے یہ کتاب عرب وعجم میں سلسلۂ درس میں داخل کی گئی اور متعدد شروح وحواشی اس پر لکھے گئے ہیں مگر علاوہ عربی ہونے کے چونکہ اس میں اس قدر اختصار ہے کہ ہر ایک طالب علم پوری طرح اسے سمجھ نہیں سکتا، اس لئے بغرض سہولت میں نے اس کے مسائل اردو قالب میں ایسی مطلب خیز توضیح کر دی ہے کہ تھوڑا سا غور کرنے پر طالب علم اس پر حاوی ہو سکتا ہے۔

marfat.com

چونکہ یہ ایک درسی کتاب ہے اس لئے اس قدر تو مبالغہ نہیں کرسکتا کہ اس کے سمجھنے میں استاذ کی بالکل ضرورت نہیں رہتی، تاہم اتنا ضرور کہوں گا کہ طالب علم اگر استاذ کے سامنے ایک مرتبہ بھی اس کا مطالعہ کرلے گا تو پھر عربی شرح نخبہ کو جتنی مدت میں وہ پڑھتا اس کے ربع حصے میں اسے بخوبی سمجھ کر پڑھ لے گا، میرے خیال میں اگر ہر ایک فن کی کتب درسیہ میں سے ایک جامع کتاب کی اس طرز پر توضیح کردی جائے تو طلبہ کو کتب دانی میں جو مشکل اور دقتیں پیش آتی ہیں وہ رفع ہو جائیں اور باوجود اس قدر دقت برداشت کرنے کے بھی جو طلبہ اکثر نابلد رہتے ہیں، وہ نہ رہیں اس لئے متبحر علماء کو اس طرف ضرور توجہ کرنی چاہیے۔

**وما توفیقی الا باللہ علیہ توکلت والیہ انیب .**

محمد عبدالحئی عفی عنہ

"صحیح وہ ہے جسے صحابی معلوم الاسم آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرے، اور صحابی سے دو راوی، پھر ہر ایک راوی سے دو دو راوی روایت کرتے چلے جائیں، جس طرح شہادت علی الشہادت میں ہر ایک شاہد کے لئے دو دو شاہد شہادت دیتے ہیں علی ہذا آخیر تک"۔

وصرح القاضی ابو بکر بن العربی فی "شرح البخاری" بان ذلک شرط البخاری، واجاب عما اورد علیه من ذلک بجواب فیه نظر؛ لانه قال: فان قیل: حدیث "الاعمال بالنیات" فرد، لم یروه عن عمر الا علقمة!

قلنا: قد خطب به عمر علی المنبر بحضرة الصحابة، فلولا انهم یعرفونه لانکروه! کذا قال.

قاضی ابوبکر بن العربی (متوفی ۵۴۳ھ) نے شرح بخاری میں صراحۃ لکھا ہے کہ امام بخاری نے اپنی صحیح میں شرط مذکور کا التزام کیا ہے، یعنی صحیح بخاری میں انہوں نے وہی حدیث درج کی جو عزیز تھی، چنانچہ قاضی ابوبکر بن العربی نے لکھا ہے:

"مذهب البخاری ان الصحیح لا یثبت حتی یرویه اثنان عن اثنین"۔

## ابن العربی کی رائے پر اعتراض اور جواب

ابن العربی پر جب یہ اعتراض کیا گیا کہ حدیث "انما الاعمال بالنیات" جو صحیح بخاری میں ہے عزیز نہیں بلکہ فرد ہے، اس لئے کہ اس حدیث کو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے حضرت عمرؓ نے اور حضرت عمرؓ سے صرف علقمہؒ نے روایت کیا ہے، اور ظاہر ہے کہ حدیث فرد عزیز نہیں ہو سکتی۔

ابن العربی نے جواب دیا کہ یہ حدیث فرد نہیں اس لئے کہ حضرت عمرؓ نے دوران خطبہ میں صحابہ کے روبرو یہ حدیث بیان کی تھی، پس اگر کسی صحابی نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے یہ حدیث نہ سنی ہوتی تو ضرور اس کا انکار کیا جاتا، اس بنا پر جس نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے سنی تھی وہ حضرت عمرؓ کا اور جس نے حضرت عمرؓ سے سنی تھی وہ علقمہؒ کا اس حدیث کی

والاجماع حاصل على أن لهما مزية فيما يرجع الى نفس الصحة .

## انواع خبر واحد باعتبار قرائن

وہ خبر جس کے ساتھ قرائن منضم ہوتے ہیں چند قسم کی ہیں:

**(الف)** وہ خبر غیر متواتر جس کی تخریج شیخین نے بالاتفاق کی ہے، اس خبر کے ساتھ چند قرائن منضم ہوتے ہیں:

اولا: فن حدیث میں شیخین کی جلالت شان کا وسیع پیمانے پر مسلم ہونا۔

ثانیا: صحیح وسقیم کو امتیاز کرنے میں ان کا سب سے سبقت لے جانا۔

ثالثا: ان کی صحاح کا علماء میں اعلی رتبہ کی قبولیت کا شرف حاصل کرنا، گو غیر متواتر حدیث میں کثرت طرق بھی افادۂ علم نظری کے لئے قرینہ ہے، تاہم کتاب کا علماء میں اعلی رتبہ کی قبولیت حاصل کر لینا یہ اس سے بھی اقوی قرینہ ہے، انہیں قرائن ثلاثہ سے صحیحین کی حدیثیں مفید علم نظری ہوتی ہیں۔

بشرطیکہ ان احادیث میں حفاظ حدیث نے جرح نہ کی ہو، اوران میں ایسا تعارض بھی نہ واقع ہو کہ ایک کو دوسری پر ترجیح نہ حاصل ہو، الحاصل صحیحین کی وہ حدیثیں جو جرح وتعارض مذکور سے محفوظ ہوں اجماعا مفید علم نظری ہوتی ہیں۔

گو یہاں یہ شبہ کیا جاتا ہے کہ محدثین کا اجماع اس پر نہیں کہ صحیحین کی حدیثیں مفید علم نظری ہوتی ہیں، بلکہ ان کے واجب العمل ہونے پر ان کا اجماع ہے۔

مگر اس کا جواب یہ ہے کہ واجب العمل ہونے میں صحیحین کی احادیث کی خصوصیت نہیں غیر صحیحین کی احادیث بھی بشرط صحت واجب العمل سمجھی جاتی ہیں، بناء علیہ صحیحین کی خصوصیت کے لئے جو اجماع منعقد ہوا وہ اسی بنا پر ہونا چاہیئے کہ ان کی حدیثیں مفید علم نظری ہوتی ہیں۔

وممن صرح بافادة ما خرجه الشيخان العلم النظرى : الاستاذ أبو اسحاق الاسفرائنى ، ومن ائمة الحديث ابو عبدالله الحميدى،

marfat.com

ہے، گو بعض نے صحابی کی تعریف میں بجائے ملاقات کے لفظ رؤیت درج کر دیا ہے مگر بنا بر اس کے کہ حضرت ابن ام مکتومؓ وغیرہ نابینا جو یقیناً صحابی تھے تعریف صحابی سے خارج ہو جائیں گے ،البتہ صرف بحالت کفر جس کی آنحضرت ﷺ سے ملاقات ہوئی، وہ صحابی نہیں ہو سکتا۔

اسی طرح جس اہل کتاب کی آپ سے ملاقات تھی، وہ صحابی نہیں ہوگا کیونکہ اس کا ایمان آپ پر نہیں تھا۔

اسی طرح وہ شخص بھی صحابی نہیں ہے جو بحالت ایمان آپ سے ملاقی ہوا، پھر مرتد ہو کر بحالت ارتداد ہی مر گیا جیسے عبداللہ بن جحش اور ابن خطل اور اگر مرتد ہو کر پھر ایمان لایا، خواہ آپ کی زندگی میں یا آپ کے بعد اور بحالت ایمان فوت ہو گیا، تو بقول اصح وہ صحابی ہے گو بعد اس کے آپ سے ملاقات نہ بھی ہوئی ہو چنانچہ اشعث بن قیس مرتد ہو گئے تھے جب وہ گرفتار کر کے حضرت صدیق اکبر رضی اللہ تعالی عنہ کی خدمت میں پیش کئے گئے تو ایمان لائے، حضرت صدیق اکبرؓ نے ان کے ایمان کو منظور کر لیا اور اپنی بہن سے ان کا عقد کر دیا اشعث کو صحابہؓ کے سلسلے میں ذکر کرنے سے کسی محدث نے اجتناب نہیں کیا اور مسانید وغیرہ میں ان کی احادیث کی تخریج کرنے سے کسی نے پہلوتہی نہیں کی۔

## صحابہ میں تفاوت باعتبار مدت صحبت

اولا: گو شرف صحبت حاصل ہونے میں تمام صحابہ کرام مساوی ہیں تاہم مراتب میں تفاوت ہے، چنانچہ جو صحابہ کرام آنحضرت ﷺ کے ساتھ ساتھ رہے، آپ کے ساتھ غزوات میں شریک ہوئے یا آپ کے زیر علم جام شہادت نوش کیا، ان کو اس صحابی پر ترجیح ہے جو نہ آنحضرت ﷺ کی صحبت میں رہا نہ کسی معرکہ میں آپ کے ساتھ شریک ہوا اور اس پر بھی جس کو آپ کے ساتھ قلیل گفتگو یا ساتھ چلنے پھرنے کا موقعہ ملا، یا دور سے یا بحالت طفولیت آپ کے دیدار کا شرف حاصل ہوا، البتہ شرف رؤیت چونکہ سب کو حاصل ہے اس لئے یہ تمام لوگ صحابہ سمجھے جاتے تھے باقی جس صحابی کو آپ سے سماع حاصل نہیں، اس کی حدیث گو بحیثیت روایت مرسل ہے مگر اس کی مقبولیت پر اتفاق ہے۔

marfat.com

## صحابہ کی معرفت کے طرق

ثانیا: صحابی کی شناخت کبھی تو اتر یا شہرت سے اور کبھی کسی صحابی یا ثقہ کے بیان سے ہوتی ہے اور کبھی خود صحابی کے دعوی سے بھی ہوتی ہے بشرطیکہ یہ دعوی ممکن ہو، چونکہ صحابیت کا دعوی بمنزلہ دعوی عدالت ہے اور دعوی عدالت سے عدالت ثابت نہیں ہوتی ،اس لئے ایک جماعت نے دعوی صحابیت سے صحابیت کا ثبوت بھی مشکل خیال کیا ہے،لہذا یہ نکتہ قابل غور ہے۔

## تابعی

بقول مختار تابعی وہ ہے جس کو صحابی کی ملاقات حاصل ہو اور بحالت ایمان مر بھی گیا ہو اور اگر بیچ میں وہ مرتد ہو گیا ہو تو بقول اصح یہ تابعیت کے منافی نہیں ہو سکتا۔

ملاقات کے یہاں بھی وہی معنی لئے جائیں گے جو صحابی کی تعریف میں لئے گئے، گو بعض کے نزدیک تابعی کے لئے شرط ہے کہ صحابی کی صحبت میں مدت تک رہا ہو یا اس سے سماع حاصل ہو یا بحالت تمیز (بلوغ) اس سے ملاقات کی ہو مگر یہ قول مختار کے خلاف ہے۔

## مخضرم

صحابہ وتابعین کے درمیان ایک طبقہ مخضرمین کا ہے مخضرمین وہ ہیں جنہوں نے جاہلیت واسلام دونوں کا زمانہ دیکھا، مگر آنحضرت ﷺ کی رویت سے محروم رہے۔

یہ صحابہ ہیں یا تابعین؟ اس میں اختلاف ہے صحیح قول یہی ہے کہ یہ کبار تابعین میں سے ہیں خواہ ان کا اسلام آنحضرت ﷺ کے عہد میں ثابت ہو یا بعد میں البتہ اگر یہ حدیث ثابت ہو کہ شب اسراء (معراج) آنحضرت ﷺ پر تمام روئے زمین کے آدمیوں کا بھی انکشاف ہوا اور تمام کو آپ ﷺ نے ملاحظہ فرمایا تو بنا بر اس کے کہ جو لوگ اس وقت مؤمن تھے وہ صحابی ہوں گے اس لئے کہ اگر چہ وہ آپ کی ملاقات سے محروم رہے مگر آنحضرت ﷺ نے تو ان کو ملاحظہ فرما لیا۔

marfat.com

ويفهم من التقييد بالظهور ان الانقطاع الخفى كعنعنة المدلس والمعاصر الذى لم يثبت لقيه ؛ لا يخرج الحديث عن كونه مسندا ، لا طباق الائمة الذين خرجوا المسانيد على ذلك .

وهذ التعريف موافق لقول الحاكم : "المسند : ما رواه المحدث عن شيخ يظهر سماعه منه ، وكذا شيخه عن شيخه متصلا الى صحابى الى رسول الله ﷺ".

واما الخطيب ؛ فقال : "المسند : المتصل".

فعلى هذا : الموقوف اذا جاء بسند متصل يسمى عنده مسندا، لكن قال : "ان ذلك قد يأتى ، لكن بقلة"

وأبعد ابن عبدالبر حيث قال : "المسند المرفوع" ، ولم يتعرض للاسناد ؛ فانه يصدق على المرسل والمعضل والمنقطع اذا كان المتن مرفوعا ! ولا قائل به .

## خبر موقوف

موقوف وقف سے ہے جس کے معنی ٹھہرنا یا چپ چاپ کھڑے ہونا، ابن منظور لکھتے ہیں:"الوقوف خلاف الجلوس"، یعنی وقوف بیٹھنے کی ضد ہے۔

اگر اسناد صحابی پر جا کر منتہی ہو اور اس بات کی مقتضی ہو کہ جو شیٔ اس کے بعد منقول ہے وہ قول یا فعل یا تقریر صحابی کی ہے تو اسے خبر موقوف کہا جاتا ہے۔

گو مرفوع کی جتنی اقسام تھیں اتنی تو موقوف کی نہیں ہو سکتیں، کیونکہ تابعی کا امور ماضیہ یا مستقبلہ کی جس میں اجتہاد کو دخل نہ ہو یا کسی فعل کے مخصوص ثواب یا عقاب کی بلا نقل از اہل کتاب خبر دینا از قبیل موقوف نہیں بلکہ مرفوع ہے تاہم اتنا ضرور ہے کہ یہ اکثر اقسام میں مرفوع کے ساتھ شریک ہے۔

## خبر مقطوع

مقطوع قطع سے ہے جس کے معنی کاٹنا یا جدا کرنا، ابن منظور لکھتے ہیں:"القطع ابانة

marfat.com

بعض اجزاء الجرم من بعض فصلا"، یعنی قطع کے معنی جسم کے بعض اجزاء کو دوسروں سے الگ کرنا، "والقطع والقطعیة الھجران صد الوصل" یعنی قطع اور قطیعہ کے معنی جدائی کے ہیں جو جوڑنے کی ضد ہے۔

اگر اسناد تابعی یا تبع تابعی یا اس سے نیچے کے راوی پر منتہی ہو اور اس بات کی مقتضی ہو کہ جو شئی اس کے بعد منقول ہے وہ قول یا فعل یا تقریر تابعی یا اس کے نیچے کے راوی کی ہے تو اسے مقطوع کہا جاتا ہے۔

## مقطوع اور منقطع میں فرق

اسی بناء پر مقطوع اور منقطع میں فرق ثابت ہو گیا کیونکہ اصطلاحا مقطوع صفت متن ہے بخلاف منقطع کے کہ وہ صفت اسناد ہے البتہ بعض نے بطور مجاز اصطلاحی ایک کا دوسرے پر اطلاق کر دیا۔

## اثر اور مسند

اصطلاح میں موقوف اور مقطوع کو اثر کہا جاتا ہے اور مرفوع صحابی کو (جو ایسے اسناد سے ثابت ہو کہ بظاہر متصل ہے) مسند کہا جاتا ہے اسی بنا پر مرفوع تابعی یا اس کے نیچے کے راوی کی مرفوع کو مسند نہیں کہا جائے گا، بلکہ مرفوع تابعی کو مرسل اور اسے نیچے کے راوی کے مرفوع کو معضل یا معلق مثلا کہا جائے گا، اسی طرح اس مرفوع کو بھی مسند نہیں کہا جائے گا جس کی سند میں بظاہر انقطاع ہو۔

۱- مسند وہی مرفوع ہے جس کی سند میں یا تو ہر ایک وجہ سے اتصال ہو یا بظاہر اتصال ہو لیکن حقیقتا اس میں احتمال انقطاع ہو، بنابر اس کے وہ حدیث بھی مسند ہوگی جس کی اسناد میں خفی انقطاع ہوتا ہے، جیسے مدلس کی معنعن اور اس معاصر کی معنعن جس کی اپنے مروی عنہ سے ملاقات ثابت نہ ہو کیونکہ ائمہ فن کا جنہوں نے مسانید کی تخریج کی ہے اس پر اتفاق ہے۔

۲- حاکم نے مسند کی جو تعریف کی ہے تعریف اسی کے مطابق ہے حاکم نے لکھا ہے کہ

marfat.com

والتدبیج مأخوذ من دیباجتی الوجه، فیقتضی ان یکون ذلك مستویا من الجانبین، فلا یجئ فیه هذا.

# بیان روایت

## روایۃ الاقران

اگر راوی اور اس کا مروی عنہ دونوں روایت میں یا معین مشائخ سے روایت کرنے میں یا کسی اور امر متعلق بالروایت میں شریک ہوں تو راوی جو روایت اس مروی عنہ سے کرے گا، اسے "روایت الاقران" کہا جاتا ہے کیونکہ راوی مروی عنہ کا قرین وہمسر ہے۔

## مدبج

اور اگر دو شخص ہمسر تھے اور ہر ایک نے دوسرے سے روایت کی تو ہر ایک کی روایت کو مدبج کہا جاتا ہے، لہذا مدبج خاص اور روایۃ الاقران عام ہوئی کیونکہ ہر ایک مدبج ضرور روایۃ الاقران ہوگی، روایۃ الاقران کے متعلق ابوشیخ اصفہانی (۳۶۹ھ) نے اور مدبج کے متعلق دار قطنی نے کتابیں لکھی ہیں، اول الذکر کی کتاب کا نام "کتاب المدبج" اور آخر الذکر کی کتاب کا نام "**ذکر روایة الاقران**" ہے۔

جب شیخ اپنے شاگرد سے روایت کرے تو گو اس صورت میں بھی ہر ایک دوسرے سے روایت کرتا ہے، تاہم اس کو مدبج کہنا غور طلب ہے، بظاہر یہ مدبج نہیں ہوسکتی کیونکہ مدبج میں ہمسری شرط ہے اور شاگرد شیخ کا ہمسر نہیں ہوتا بلکہ اسے روایۃ الاکابر عن الاصاغر کہا جائے گا۔

(**وان روی**) الراوی (**عمن**) هو (**دونه**) فی السن او فی اللقی او فی المقدار؛ (**فـ**) هذا النوع هو روایة (**الأکابر عن الاصاغر**).

(**ومنه**)؛ ای: من جملة هذا النوع – وهو اخص من مطلقه – روایة (**الابـاء عن الابناء**)، والصحابة عن التابعین، والشیخ عن تلمیذه، ونحو ذلك.

(**وفی عکسه کثرة**)؛ لانه هو الجادة المسلوكة الغالبة.

marfat.com

پر دلالت کرتے ہیں، مگر اوسط میں چونکہ مراتب مختلف ہیں اس لئے قول اول میں بہ نسبت قول ثانی کے زیادہ شدت ہے۔

(و) من المهم ایضا معرفة (مراتب التعديل) :
(وارفعها الوصف) ايضا بما دل على المبالغة فيه .
واصرح ذلك : التعبير (بافعل ؛ كاوثق الناس) ، او : اثبت الناس ، او: اليه المنتهى فى التثبت.
(ثم ما تاكد بصفة) من الصفات الدالة على التعديل ، (او صفتين ؛ كثقة ثقة ، او : ثبت ثبت ، او : ثقة حافظ) ، او : عدل ضابط ، او نحو ذلك .
(وادناها ما اشعر بالقرب من اسهل التجريح ؛ كشيخ )، ويروى حديثه ، ويعتبر به ، ونحو ذلك .
وبين ذلك مراتب لا يخفى .

## مراتب تعدیل

سادسا: نیز مراتب تعدیل میں امتیاز کرنا، تعدیل کے بھی تین مراتب ہیں:
(۱)اعلی (۲)اوسط (۳)ادنی

**اعلی** : اول جس لفظ تعدیل میں مبالغہ ہوتا ہے وہ اعلی پر دلالت کرتا ہے مثلا یہ الفاظ" اوثق الناس " یا " اثبت الناس " یا " اليه المنتهى فى التثبت".

**اوسط** : دوسرے نمبر پر وہ ہے جسے اوسط درجہ حاصل ہے مثلا راوی کو ان صفات میں سے جو تعدیل پر دلالت کرتی ہیں کسی ایک صفت کے ساتھ مؤکد کیا جائے یا دو وصفوں کے ساتھ مؤکد کیا جائے، ایک صفت کی مثال یہ ہے "هو ثقة ثقة ، ثبت ثبت "، دو وصفوں کی مثال یہ ہے" ثقة حافظ ، عدل ضابط"، وغیرہ۔

**ادنی** : تیسرے درجے پر لفظ تعدیل جسے ادنی کہنا چاہئے یہ ہے کہ ایسے لفظ کہے جو (اگر چہ تعدیل کے لئے ہوں ) مگر وہ نرم ترین جرح ( تنقید ) کے قریب معلوم ہوتے ہوں، مثلا"هو شيخ " یا"يروى حديثه ويعتبر به " ان کے درمیان میں اور مراتب بھی ہیں

marfat.com

ہونا چاہئے۔

چہارم: جس راوی کی کنیت میں اختلاف ہو اور ایسے بکثرت ہیں اسے بھی پہچاننا چاہئے۔

پنجم: جس کی کنیت یا اوصاف والقاب بکثرت ہوں اسے بھی جاننا چاہئے، چنانچہ ابن جریج کی دو کنیتیں ہیں: (۱) ابوالولید (۲) اور ابوالخالد۔

ششم: اس راوی کو بھی پہچاننا چاہئے جس کی کنیت اس کے والد کے نام کے ساتھ موافق ہو، چنانچہ ابواسحٰق ابراہیم بن اسحٰق المدنی التابعی چونکہ ابواسحٰق، اسحٰق کا بیٹا ہے، اس لئے اس کو ابن اسحٰق کے ساتھ تعبیر کرنا بھی غلط نہیں ہوسکتا۔

اسی طرح اس راوی کو بھی پہچاننا چاہئے جس کا نام اس کے والد کی کنیت کے ساتھ موافق ہو جیسے اسحٰق بن ابی اسحٰق سبیعی۔

اسی طرح اس راوی کو بھی پہچاننا چاہئے جس کی کنیت اس کی زوجہ کی کنیت کے ساتھ موافق ہو جیسے ابوایوب الانصاری اور ام ایوب دونوں مشہور صحابی ہیں۔

اسی طرح اس راوی کو بھی پہچاننا چاہئے جس کے شیخ کا نام اس کے والد کے نام کے ساتھ موافق ہو جیسے ربیع بن انس عن انس چونکہ روایتوں میں اسی طرح آتا ہے اس لئے شبہ پیدا ہوتا ہے کہ ربیع اپنے والد سے روایت کرتے ہیں جیسے صحیح بخاری میں عن عامر بن سعد عن سعد میں حقیقتاً عامر نے اپنے والد سعد سے روایت کی ہے، مگر یہ خیال (سابقہ ربیع والی سند میں) غلط ہے اس لئے کہ ربیع اپنے انس سے جو بکری ہیں روایت نہیں کرتے بلکہ انس بن مالک انصاری صحابی مشہور سے روایت کرتے ہیں جو بلحاظ قرابت ربیع کے والد نہیں ہوتے۔

**(و)** معرفة **(من نسب الى غير ابيه ؛ كالمقداد بن الاسود)**؛ نسب الى الاسود الزهري، لانه تبناه، وانما هو المقداد بن عمرو.

**(او)** نسب **(الى امه)** ؛ كابن علية، وهو اسماعيل بن ابراهيم ابن مقسم، احد الثقات، وعلية اسم امه، اشتهر بها، وكان لا يحب ان يقال له : ابن علية.

ولهذا كان يقول الشافعي : اخبرنا اسماعيل الذي يقال له ابن

marfat.com

# ماخذ ومصادر


۱-تیسیر مصطلح الحدیث دکتور محمود الطحان.

۲- تفهیم مصطلح الحدیث مولانا محمد انور بدخشانی.

۳-تدریب الراوی علامه جلال الدین سیوطی.

٤-تسهیل شرح نخبة الفکر مولانامحمد انور بدخشانی.

٥-شرح شرح النخبة ملا علی قاری.

٦-النکت علی نزهة النظر فی توضیح نخبة الفکر.

تحقیق علی بن حسن بن علی الحلبی.

۷-نزهة النظر فی توضیح نخبة الفکر

تحقیق وتعلیق دکتور نور الدین عتر.

۸-سلعة القربة شرح نخبة الفکر مولانا عبدالحی رحمہ اللہ۔

۹-تحفة الدرر شرح نخبة الفکر مولانا سعید احمد پالنپوری۔

۱۰-بہجة الدرر شرح نخبة الفکر مولانا ارشاد القاسمی۔


marfat.com

# سخنہائے معتبر

فاضل مرتب نے ''سلعۃ القربۃ'' اردو شرح ''شرح نخبۃ الفکر'' کو بمعہ دوسری عربی اور اردو شروح سامنے رکھ کر ایک نہایت سہل و آسان مفید اور متوسط اسلوب میں جلی عنوانات و تقسیمات کے ساتھ عربی عبارات کے حل کو مدنظر رکھتے ہوئے طلبہ و طالبات علم حدیث کے لئے اصول حدیث کا ایک عمدہ اور کار آمد ذخیرہ مرتب کیا ہے۔

[حضرت مولانا محمد انور بدخشانی]

سلعۃ القربۃ فنی عمدگی اور باطنی حسن کے باوجود افادیت تامہ کے لئے دلکش کتابت وطباعت، متن وشرح کے امتزاج، ترتیب وتنسیق کی شائستگی اور اسلوب بیان وتعبیر کی تسہیل وتفصیل اور مفید عنوانات کے اضافے کی ضرورت مند تھی مرتب نے خوب محنت ولگن سے اس ضرورت کا ادراک فرماتے ہوئے اپنے والد ماجد کے تالیفی ذوق اور تصنیفی خدمات کی پیروی کا عزم وعمل شروع فرمایا ہے۔

[حضرت ڈاکٹر مفتی نظام الدین شامزئی]

عزیزم حافظ محمد عمر سلمہ کی شرح نخبہ مطالعہ کرنے کا اتفاق ہوا ماشاء اللہ اوائل عمر اور اواخر مراحل تعلم وتعلیم مبارک اور باعث سعادت ہیں اللہ تعالی یہ گراں قدر تصنیف عزیزم کے سفر علم کے راستے میں خیر الاقدام بنائے۔

بالائے سرش زہوش مندی

می تافت ستارۂ بلندی

[شیخ الحدیث حضرت مولانا مفتی محمد زرولی خان]

زمزم پبلشرز